**2024-11-04**

**Hrs 08.30**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---

1 وزیراعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی آج جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کے لیے دو ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

2 مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کے لیے امیدواروں کی کاغذات نامزدگی واپس لینے کا آج آخری دن ہے۔

3 نئے اسپیکر کا انتخاب کرنے کے لیے آج جموں و کشمیر اسمبلی کا اجلاس ہوگا۔

4 مدھیہ پردیش حکومت نے، جنگلی جانوروں کے حملے میں انسانی جانوں کے اتلاف کے ضمن میں دی جانے والی معاوضے کی رقم بڑھاکر 25 لاکھ روپے کردی ہے۔

5 بین الاقوامی شمسی اتحاد اسمبلی ISA کا ساتواں اجلاس آج صبح نئی دلی میں شروع ہوگا۔

6 بھارت نے امریکہ کے Colaroado میں 19 سال سے کم عمر کے باکسنگ چیمپن شپ میں سونے کے چار تمغوں سمیت 17 تمغے حاصل کیے ہیں۔

7 اور:

مردوں کی ہاکی انڈیا سینئر نیشنل چیمپئن شپ آج چنئی میں شروع ہوگی۔

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM JHARKHAND RALLY**

وزیراعظم اورBJP کے سینئر رہنما نریندر مودی اسمبلی انتخابات کے لیے NDA کے قیاوت والے BJP امیدواروں کی حمایت میں آج جھارکھنڈ میں دو انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ جھارکھنڈ بی جے پی صدر اور سابق وزیراعلیٰ بابو لال مرانڈی نے کہا ہے کہ وزیراعظم آج صبح سب سے پہلے تقریباً ساڑھے دس بجے Garhwa میں اور اس کے بعد سہ پہر تقریباً تین بجے Chaibasa میں عوامی میٹنگ سے خطاب کریں گے۔ ریاست میں چناؤ کی تاریخوں کے اعلان کے بعد وزیراعظم مودی کی جھارکھنڈ میں یہ پہلی انتخابی ریلی ہوگی۔ ریاست میں 13 اور 20 نومبر کو دو مرحلوں میں ووٹنگ ہوگی۔x

## JHARKHAND LOHARDAGA PROFILEْ

حلقے کی تفصیلات اور معلومات کی ہماری سیریز کے تحت آج ہم جھارکھنڈ کے Lohardaga اسمبلی حلقے پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔ Lohardaga میں اِس ماہ کی 13 تاریخ کو پہلے مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

Lohardaga درج فہرست قبائل کا ایک ریزرو اسمبلی حلقہ ہے۔ موجودہ کانگریس ایم ایل اے رامیشور Orao دوسری مرتبہ اسمبلی چناؤ لڑ رہے ہیں۔ اِس سے پہلے وہ Lohardaga پارلیمانی حلقے سے ایم پی رہ چکے ہیں، جو پانچ اسمبلی حلقوں پر مشتمل ہے۔ NDA کی حلیف AJSU کی امیدوار Neru شانتی بھگت، رامیشور اوراؤ کے خلاف چناؤ لڑرہے ہیں۔ BSP کے یش پال بھگت بھی اِس سیٹ سے اپنی قسمت آزمارہے ہیں۔ حالانکہ آٹھ آزاد امیدواروں سمیت 17 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں، لیکن اصل مقابلہ کانگریس کے رامیشور اوراؤ اور اے جے ایس یو کی Neru شانتی بھگت کے درمیان ہے۔

جھارکھنڈ سے کے کے لال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.........

## FUR REV. MAHA ELECTION

مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کے لیے کاغذات نامزدگی واپس لینے کا آج آخری دن ہے۔ نئی اسمبلی منتخب کرنے کے لیے ریاست میں اِس مہینے کی 20 تاریخ کو واحد مرحلے کے تحت پولنگ ہوگی۔ حکمراں مہایوتی اور اپوزیشن Maha Vikas Aghadi بڑے اتحاد مقابلہ کر رہے ہیں۔ حکمراں مہایوتی اتحاد BJP، شیو سینا اور NCP پر جبکہ اپوزیشن Maha Vikas Aghadi کانگریس، شیوسینا (UBT) اور NCP شردپوار پر مشتمل ہے اور یہ دونوں ہی اقتدار کے لیے اصل دعویدار ہیں۔ حالانکہ چھوٹی پارٹیاں اور آزاد امیدوار بھی انتخابی میدان میں ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

### V/C Prarthna

مہاراشٹر اسمبلی چناؤ کیلئے نامزدگی پرچے واپس لینے کا آج آخری دن ہے۔ سیٹوں کے بٹوارے کے انتظام اور حتمی ناموں کے بارے میں ابھی تصویر صاف ہونا باقی ہے۔ اِس دوران مختلف سیاسی پارٹیاں آئندہ چناؤ کیلئے اپنی انتخابی مہم شروع کررہی ہیں۔ وزیراعلیٰ اور شیوسینا کے لیڈر ایکناتھ شندے نے کَل ممبئی میں کئی ریلیوں سے خطاب کیا۔ نائب وزیراعلیٰ اور این سی پی کی لیڈر اجیت پوار بارہ متی میں انتخابی مہم میں شامل ہوئے اور ووٹروں کو راغب کرنے کی کوشش کی۔ اطلاعات کے مطابق وزیراعظم اور بی جے پی کے سینئر لیڈر نریندر مودی آٹھ نومبر کے بعد ریاست میں گیارہ ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

دوسری جانب کانگریس کے سینئر لیڈر راہل گاندھی 6 نومبر کو ناگپور اور ممبئی میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ ریاست میں 20 نومبر کوووٹ ڈالے جائیں گے اور ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو کی جائے گی۔

ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں....

## J&K SPEAKCER

جموں و کشمیر اسمبلی، آج اپنے نئے اسپیکر کو منتخب کرنے کیلئے اجلاس منعقد کرے گی۔ اِس عہدے کیلئے نیشنل کانفرنس کے سینئر لیڈر اور سابق وزیر عبدالرحیم راتھر کا نام تجویز کیا گیا ہے۔ اسمبلی سکریٹریٹ کی جانب سے جاری کی گئی آج کی کارروائی کی فہرست کے مطابق ایوان کی کارروائی آج صبح ساڑھے دس بجے شروع ہوگی اور ایجنڈے پر اسپیکر کا انتخاب سرفہرست رہے گا۔ امکان ہے کہ نئے اسپیکر کا انتخاب کافی آسان رہے گا کیونکہ نیشنل کانفرنس کے 41 اسمبلی ارکان ہیں جبکہ 90 رکنی اسمبلی میں حلیف پارٹیوں کانگریس کے چھ اور سی پی آئی ایم کا ایک ممبر ہے۔

نیشنل کانفرنس نے بی جے پی کو ڈپٹی اسپیکر کے عہدے کی پیشکش کی ہے، جو 29 ارکان کے ساتھ اسمبلی میں دوسری سب سے بڑی پارٹی ہے۔ حالانکہ ایک ممبر بعد میں انتقال کرگئے ہیں۔ بی جے پی نے اِس عہدے کیلئے نریندر سنگھ کو چنا ہے۔ اسپیکر کے الیکشن کے بعد ارکان صبح ساڑھے گیارہ بجے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کا خطاب سننے کیلئے اسمبلی ہال میں جمع ہوں گے۔ x

## REV. MP COMPENSATION

مدھیہ پردیش حکومت نے جنگلی جانوروں کے حملے میں ہلاک ہونے والوں کے قریبی رشتہ داروں کو دی جانے والی معاوضے کی رقم میں اضافہ کردیا ہے اور اسے 8 لاکھ سے بڑھاکر 25 لاکھ روپے کردیا ہے۔ معاوضے کی رقم میں تین گناسے زیادہ اضافے کا یہ اعلان اُس حادثے کے بعد کیا گیا ہے جس میں Umaria ضلعے میں Bandhavgarah ٹائیگر رزرو کے نزدیک ایک ہاتھی نے دو لوگوں کو کچل کر ہلاک کر دیا تھا۔ جنگلات کے محکمے نے اُس ہاتھی کو پکڑ لیا ہے جس نے دو لوگوں کو ہلاک کردیا تھا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

## V/C Sanjeev Sharma

مستقبل میں اِس طرح کے واقعات کو روکنے کیلئے وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے ریاست میں ایک ریاستی سطح کی Elephant ٹاسک فورس کی تشکیل کا اعلان بھی کیا ہے۔ مدھیہ پردیش میں ہاتھیوں سے محبت کرنے والوں کو تعینات کیا جائے گا تاکہ ہاتھیوں اور انسانوں کی بقائے باہم کو یقینی بنایا جاسکے۔ کسانوں کی فصلوں کو بچانے، زراعت کے علاوہ زرعی جنگلات اور دیگر متبادل کاموں کے ساتھ کسانوں کو جوڑنے اور کرناٹک، کیرالہ اور آسام کی ریاستوں کے بہترین طور طریقے اپنانے کیلئے شمسی نظام جیسے مختلف اقدامات کیے جائیں گے۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.............

**ISA ASSEMBLY**

بین الاقوامی شمسی اتحاد ISA کے ساتویں اجلاس کا آج  نئی دلی کے بھارت منڈپم میں افتتاح کیا جائے گا۔    ISA Assembly بین الاقوامی شمسی اتحاد کی اُن پہل قدمیوں پر بات چیت کرے گی جس نے توانائی تک رسائی، ممبر ملکوں کو بااختیار بنانے پر توجہ مرکوز کیے جانے کے ساتھ سکیورٹی اور روایات پر اثر ڈالا ہے تاکہ شمسی توانائی کو اپنایا  جا سکے اور شمسی توانائی کے استعمال کو تیز تر کرنے کے لیے مالی امداد کو بروئے کار لایا جا سکے۔x

ایک رپورٹ

**V/C Sumit Saha**

بین الاقوامی شمسی اتحاد کا ساتواں اجلاس آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں بھارت اور فرانس کی مشترکہ صدارت میں منعقد ہونے جارہا ہے۔ پارٹنر تنظیموں اور اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ 120 ممبران اور دستخط کرنے والے ممالک کے وزیر مشن کے سربراہان اور مندوبین اسمبلی میں جمع ہوں گے۔ اس تین روزہ سیشن کے دوران اہم توجہ توانائی تک رسائی، سلامتی اور منتقلی کو بہتر بنانے کے اقدامات پر مرکوز ہوگی۔ اس اسمبلی میں بات چیت کی بنیاد وہ ذرائع اور طریقے ہوں گے جو رکن ممالک میں شمسی توانائی کے استعمال اور تیز کرنے کیلئے اختیار کیے گئے ہیں۔ خاص طور سے ان علاقوں میں جہاں توانائی تک رسائی محدود ہے۔

اس کے علاوہ کاروباری افراد کیلئے ISA کے اہم اقدامات، مہارات میں اضافہ اور صلاحیت کی تعمیر، مالیات کو متحرک کرنا اور شمسی توانائی کو متبادل کے طور پر پیش کرنا اہم ہے۔

آکاشوانی دلّی سے سمت ساہا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبرنامے کیلئے میں.............

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**ASHWINI VAISHNAW KERALA**

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہاہے کہ نئی ٹیکنالوجی کے شروع ہونے، ٹرینوں کے جدید سیٹ اپ اور اگلے سال بجلی کاری کی تکمیل سے ملک میں ریلوے کے سفر میں اگلے پانچ سے سات سال کے اندر ایک زبردست تبدیلی آئے گی۔ وہ کَل شام کوزی کوڈ میں ایک میڈیا تقریب کا افتتاح کر رہے تھے۔ وزیر موصوف نے کہاکہ امرت بھارت اسٹیشن کی تعمیر نو کی اسکیم کے تحت ایک ہزار 334 اسٹیشنز ایک لاکھ کروڑ روپے کی لاگت سے دوبارہ تعمیر کیے جارہے ہیں اور انہیں ترقی دی جارہی ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ کوزی کوڈ ریلوے اسٹیشن کے نزدیک ایک آئی ٹی ہب تیار کیا جائے گا، جس کیلئے پانچ ایکڑ ریلوے کی زمین کی نشاندہی کی گئی ہے۔ x

## RAILWAYS SPECIAL TRAINS

بھارتی ریلویز تقریباً 25 خصوصی ٹرینیں چلا رہی ہے جو بنیادی طور پر آج سے دلی اور NCR سے ملک کے مختلف حصوں کے لیے چلیں گی۔ اِن میں Saharsa، وارانسی، ایودھیا، لکھنؤ، پٹنہ، مظفرپور، گورکھپور، پریاگ راج، دربھنگہ، اندور اور ترو اننتا پورم کو جانے والی خصوصی ٹرینیں شامل ہیں۔

ریلویز کے مطابق ریلویز اس مہینے کی دو سے آٹھ تاریخ تک 145 خصوصی ٹرینیں چلا رہا ہے، تاکہ چھٹ پوجا کے دوران بلا رکاوٹ سفر کو یقینی بنایا جا سکے۔ ریلوے روزانہ دو لاکھ اضافی مسافروں کے آنے جانے میں بھی سہولت پیدا کر رہا ہے تاکہ اِن تہواروں کے موقع پر لاکھوں عقیدتمندوں کے لیے بلارکاوٹ سفر کو یقینی بنایا جا سکے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے ریلوے بورڈ کے ایگزیکیوٹیو ڈائریکٹر دلیپ کمار نے بتایا کہ ریلوے تہوار کے دوران ایک کروڑ سے زیادہ مسافروں کو لے جانے کے لیے تیار ہے۔

## CANADA MP

کینیڈا کے رکن پارلیمنٹ Chandra Arya نے Brampton میں ہندو سبھا مندر میں ہندو پیروکاروں پر خالصتانی حامیوں کی طرف سے حالیہ حملوں کے خلاف آواز بلند کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب آریہ نے اِس تشدد کی مذمت کی ہے اور اِس بات کی نکتہ چینی کی ہے کہ کس طرح اظہار رائے کی آزادی پر کینیڈا کے قوانین کا استحصال کیا جارہا ہے اور انتہاپسندوں کو چھوٹ دی جارہی ہے کہ وہ غیرقانونی سرگرمیاں جاری رکھیں۔ مندر کے اصل داخلی دروازے کے باہر خالصتانی جھنڈے لہراتے ہوئے مظاہرین کی اِس حرکت کو مشترک کرتے ہوئے جناب آریہ نے کہاکہ کینیڈا کے خالصتانی انتہاپسندوں کی طرف سے ایک ریڈ لائن پار کی گئی ہے۔

انہوں نے خالصتانی حامی گروپوں کے بڑھتے اثرات کے بارے میں تشویش کا اظہار کیا اور نہ صرف کینیڈا کے سیاسی نظام بلکہ قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے اندر بھی ان کی برھتی دراندازی کے امکان کی طرف اشارہ کیا۔x

## MOLDOVA PRESIDENTIAL

Moldova کے صدر Maia Sandu نے 54 اعشاریہ ایک نو فیصد ووٹ حاصل کرنے کے ساتھ صدارتی چناؤ میں سبقت حاصل کرلی ہے جبکہ ان کی اصل حریف سابق پروسکیوٹر جنرل Alexandar Stoianoglo پینتالیس اعشاریہ  آٹھ ایک فیصد کے ساتھ پیچھے چل رہی ہیں۔

سینٹرل الیکٹورل کمیشن نے، جس نے 97 اعشاریہ آٹھ فیصد ووٹوں کی گنتی کی ہے، کہاہے کہ Maia Sandu نے اتحاد، امن اور آزادی کی اپیل کی ہے جبکہ Stoianoglo نے جنہیں سوشلسٹ پارٹی کی حمایت حاصل ہے، Moldova کی یوروپی یونین میں انضمام کیلئے اپنی حمایت کا اعادہ کیا ہے۔ 20 اکتوبر کو جو چناؤ ہوا تھا، اُس میں کسی بھی امیدوار نے درکار اکثریت حاصل نہیں کی تھی۔ x

## IMD WEATHER

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کیرالہ، ماہے اور جنوبی اندرونی کرناٹک میں آج گرج چمک اور بجلی کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق انڈومان اور نکوبار جزائر میں کَل شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

IMD نے کہا ہے کہ دلی اور قومی راجدھانی خطے میں اگلے دو سے تین روز کے دوران رات اور صبح کے اوقات میں دھواں اور دھند کی ہلکی پرت چھائے رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے دفتر نے آج شمالی اور مشرقی اترپردیش میں صبح کے اوقات میں دور دراز کے علاقوں میں اوسط سے گھنے کہرے کی صورتحال رہنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔x

## DELHI POLLUTION

دلّی این سی آر میں ہوا کے معیار میں مسلسل گراوٹ آرہی ہے۔ آج صبح ہوا کے معیار کا اشاریہ 373 ریکارڈ کیا گیا۔ خطے میں ہوا کا معیار بہت خراب زمرے میں ہے۔ آلودگی کی روک تھام کے مرکزی بورڈ CPCB کے ڈاٹا کے مطابق شہر کے کچھ حصوں میں ہوا کے معیار کا اشاریہ 400 کے نشان کو پار کرگیا، جو کہ انتہائی خراب زمرے میں آتا ہے۔

آنند وہار میں ہوا کے معیار کا اشاریہ 433 ریکارڈ کیا گیا، روہنی میں 409، پنجابی باغ میں ہوا کے معیار کا اشاریہ 404 اور آر کے پورم میں 393 ریکارڈ کیا گیا۔ بوانا اسٹیشن میں ہوا کے معیار کا اشاریہ 408 تک پہنچ گیا۔

محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ اگلے دو سے تین دن کے دوران دلّی اور این سی آر میں رات اور صبح کے اوقات کے دوران دھواں اور دھند چھائے رہنے کا امکان ہے۔ x

## MUST ANNOUNCEMENT PUBLIC SPEAK

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ”سائبر جرائم سے نمٹنے سے متعلق موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا جس میں دلّی پولیس کے اسپیشل سیل کے جوائنٹ کمشنر آف پولیس رجنیش گپتا اور انڈین سائبر کرائم کوارڈینیشن سینٹر کی ڈائریکٹر روپا ایم کے ساتھ بات چیت کی جائے گی۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

## U-19 CHAMPIONSHIP

بھارت نے مردوں اور خواتین کے زمروں میں سونے کے چار تمغوں سمیت 17 تمغے حاصل کرکے امریکہ کے Colorado میں 19 سال سے کم عمر کی عالمی باکسنگ چمپئن شپ میں متاثر کن اور شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ بھارتی دستے میں 19 باکسر شامل ہیں، جن میں 9 مرد اور 10 خواتین باکسر ہیں۔ ہر خاتون باکسر نے تمغہ جیتا ہے۔ جن چار باکسروں نے سونے کے تمغے جیتے ہیں، اُن میں مردوں میں ہیمنت سانگوان اور خواتین کے زمرے میں چمپئن کرشنا ورما، Parthavi Grewal اور ونشیکا گوسوامی شامل ہیں۔ x

## HOCKEY SENIOR MEN CHAMPIONSHIP

مردوں کی چودہویں ہاکی انڈیا سینئر نیشنل چمپئن شپ آج چنئی کے میئر رادھا کرشنن ہاکی اسٹیڈیم میں شروع ہو رہی ہے۔ یہ چمپئن شپ 16 نومبر تک چلے گی جس میں 16 ٹیمیں حصہ لیں گی، جنہیں آٹھ پولز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ لیگ مرحلے میں سبھی ٹیمیں اپنے اپنے پول کے اندر اپنی حریف ٹیموں کا سامنا کریں گی۔ ہر پول کی چوٹی کی ٹیم 13 نومبر کو کوارٹر فائنل میچ کھیلے گی۔ سیمی فائنل میچ 15 نومبر کو کھیلے جائیں گے اور فائنل میچ 16 نومبر کو کھیلا جائے گا۔

ہاکی انڈیا کے صدر Dilip Tirkey نے آئندہ ٹورنامنٹ کیلئے اپنی خوشی کا اظہار کیا ہے اور کہاہے کہ یہ چمپئن شپ ملک بھر کے بہترین کھلاڑیوں کو نمایاں کرنے کیلئے ایک پلیٹ فارم فراہم کرتی ہے۔ x

## HYLO OPEN BADMINTON

بھارت کی Malvika Bansod کل رات جرمنی کے شہر Saarbrucken میں Hylo Open 2024 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز کا فائنل میچ ہار گئیں ہیں۔ انہیں ڈنمارک کی Mia Blichfeldt نے اکیس-دس، اکیس-پندرہ سے ہرایا۔ اِس سے پہلے Malvika نے ڈنمارک کی ایک اور کھلاڑی جولی کو ہرایا تھا۔ سائنا نہوال اور پی وی سندھو کے بعد Malvika ایسی تیسری بھارتی خاتون بیڈمنٹن کھلاڑی بن گئی ہیں، جو BWF ورلڈ ٹور ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچی تھیں۔ x

یہ تھی خبریں

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: توحید حقانی

شکریہ -شبانہ

قومی راجدھانی دہلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔

ہندوستان ایکسپریس اور روزنامہ پرتاپ نے بی جے پی کے سینیر لیڈر اور وزیر داخلہ امت شاہ کے ذریعہ جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کے لیے انتخابی منشور جاری کیے جانے کی خبر کو پیش کیا ہے اور سرخی لگائی ہے کہ جھارکھنڈ کے لیے بی جے پی کا انتخابی منشور جاری۔ ہر سال پانچ لاکھ نوکری دینے کا وعدہ۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے جموں و کشمیر اسمبلی اجلاس کے آج سے شروع ہونے کی خبر کو پہلے صفحے پر شائع کیا ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ اجلاس سے قبل اسپیکر کا انتخاب کیا جائے گا۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کا یہ بیان بھی راشٹریہ سہارا، انقلاب سمیت کئی اخباروں کی سرخی ہے کہ بھارت ترقی کی راہ پر گامزن ہے اور دنیا کے ساتھ مل کر آگے بڑھنا چاہتا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی ایک خبر کے مطابق دلی میں AQI، 500 سے متجاوز۔ ہوا کی کوالٹی انتہائی ناقص سے خطرناک زمرے میں داخل۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی ایک خبر کے مطابق توقع ہے کہ انڈونیشیا کے صدر Prabowo Subianto، بھارت کی 76 ویں یوم جمہوریہ تقریبات میں مہمانِ خصوصی ہوں گے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کے بین الاقوامی صفحے کی کچھ خبریں ہیں:

_ چین کے شہر گوانگ ڈونگ میں بین الاقوامی فوٹوگرافی نمائش کا آغاز۔

- شمالی غزہ میں ایک لاکھ سے زیادہ بچوں کو پولیو کی دوسری خوراک دی جائے گی۔

ئ- انڈونیشیا کی کوکنگ آئل فیکٹری میں آتشزدگی، 9 افراد ہلاک، متعدد زخمی۔

***

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی آج جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کے لیے دو ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

2 مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کے لیے امیدواروں کی کاغذات نامزدگی واپس لینے کا آج آخری دن ہے۔

3 نئے اسپیکر کا انتخاب کرنے کے لیے آج جموں و کشمیر اسمبلی کا اجلاس ہوگا۔

4 مدھیہ پردیش حکومت نے، جنگلی جانوروں کے حملے میں انسانی جانوں کے اتلاف کے ضمن میں دی جانے والی معاوضے کی رقم بڑھاکر 25 لاکھ روپے کردی ہے۔

5 بین الاقوامی شمسی اتحاد اسمبلی ISA کا ساتواں اجلاس آج صبح نئی دلی میں شروع ہوگا۔

6 بھارت نے امریکہ کے Colaroado میں 19 سال سے کم عمر کے باکسنگ چیمپن شپ میں سونے کے چار تمغوں سمیت 17 تمغے حاصل کیے ہیں۔

7 اور:

مردوں کی ہاکی انڈیا سینئر نیشنل چیمپئن شپ آج چنئی میں شروع ہوگی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------